# 20-08-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

......ریاستی ریونیو منسٹر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے ضلع کلکٹروں کو ہدایت دی کہ وہ ریاست بھر میں بڑے پیمانے پر بھاری بارش کے درمیان چوکس رہیں۔

...... بھارت راشٹرا سمیتی (بی آر ایس) پارٹی تمام کسانوں کے لیے غیر مشروط فصل قرض معافی کے نفاذ کا مطالبہ کرتے ہوئے پرسوں سے ریاست گیر احتجاج کرے گی۔

......مکمل فصل قرض معافی کا مطالبہ کرتے ہوئے کسانوں نے مختلف مقامات پر احتجاج منظّم کیا۔

......مرکزی وزارت صحت نے مرکزی سرکاری دواخانوں کے ذمہ داران کو مکتوب روانہ کرتے ہوئے دواخانوں میں سخت حفاظتی انتظامات کرنے کی ہدایت دی ہے۔

PONGULETI

ریاستی ریونیو منسٹر پونگولیٹی سرینواس ریڈی نے ضلع کلکٹروں کو ہدایت دی کہ وہ ریاست بھر میں بڑے پیمانے پر بھاری بارش کے درمیان چوکس رہیں، اوران سے عوامی زندگی میں کسی بھی طرح کی مشکلات کو روکنے کے لیے فوری اقدامات کریں۔ وزیر نے محکمہ موسمیات کی وارننگ کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ کو کسی بھی صورت حال سے نمٹنے کے لیے پوری طرح تیار رہنے کی ہدایت کی کہ اگلے پانچ دنوں تک شدید بارش جاری رہنے کی توقع ہے۔ وزیر نے آج کھمم ضلع کلکٹریٹ سے چیف سکریٹری شانتی کماری اور ضلع کلکٹروں کے ساتھ ویڈیو کانفرنس کی۔ ایک سرکاری بیان میں کہا گیا ہے کہ کانفرنس میں نہ صرف جاری شدید بارشوں سے متعلق گفتگو کی گئی بلکہ نئے ریونیو ایکٹ-2024 کے مسودے، دھرانی اپیلی کیشنز، اور لے آؤٹ ریگولرائزیشن اسکیم (LRS) پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ میٹنگ کے دوران، وزیر موصوف نے تجویز دی کہ ضلع کلکٹر اگلے پانچ دنوں میں مقامی موسمی حالات کی بنیاد پر تعلیمی اداروں کے لیے تعطیلات کا اعلان کرنے پر غور کریں۔ وزیر سرینواس ریڈی نے مختلف اضلاع میں صورتحال کا جائزہ لیا اور حفاظتی اقدامات بالخصوص نشیبی اور سیلاب زدہ علاقوں کے لیے بھی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے گریٹر حیدرآباد میں میونسپل، میٹرو واٹر بورڈ اور ٹریفک محکموں کے درمیان مربوط کاموں کی ضرورت پر زور دیا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ عوام کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ وزیر نے ضلع کلکٹروں پر بھی زور دیا کہ وہ متعلقہ سرکاری محکموں کے ساتھ مل کر کام کریں تاکہ جان و مال کے نقصان کو روکا جاسکے۔ انہوں نے ہر کلکٹریٹ میں کنٹرول روم قائم کرنے کی سفارش کی اور یقین دلایا کہ ریاستی حکومت کسی بھی وقت مدد کے لیے دستیاب ہے۔

BRS

بھارت راشٹرا سمیتی (بی آر ایس) پارٹی تمام کسانوں کے لیے غیر مشروط فصل قرض معافی کے نفاذ کا مطالبہ کرتے ہوئے پرسوں سے ریاست گیر احتجاج کرے گی۔ ریاست بھر میں منڈل اور حلقہ کے ہیڈ کوارٹرس میں احتجاجی مظاہرے کئے جائیں گے تاکہ ریاستی حکومت پر

قرض معافی کے وعدوں کو پورا کرنے کے لیے دباؤ ڈالا جا سکے۔ ایک بیان میں، بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی راما راؤ نے کہا کہ کانگریس حکومت نے قرض کی معافی کے عمل پر غیر ضروری شرائط عائد کیں اور تمام کسانوں کے لیے مکمل زرعی قرض کی معافی کے اپنے وعدے کو پورا کرنے میں ناکام رہی۔ دریں اثناء کسان مختلف جگہوں پر سڑکوں پر نکل آئے اور سبھی کے لیے فصل قرض کی معافی کا مطالبہ کیا۔ کسانوں کے ایک بڑے گروپ نے ویمسور منڈل ایم پی ڈی او آفس کے سامنے راستہ روکو احتجاج کیا۔ اسی طرح کسانوں نے ضلع کوتہ گوڑم کے چندرو گونڈہ ریئتو ویدیکا میں تمام کسانوں کے لیے فصل قرض معاف کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج کیا۔ آل انڈیا پرگتی شیلا ریئتو سنگھم نے 28 اگست کو ریاست کے تمام ضلع کلکٹریٹس میں غیر مشروط فصلوں کے قرض کی معافی کا مطالبہ کرتے ہوئے احتجاج کی کال دی ہے۔ کھمم میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے، ریئتو سنگھم کے رہنماؤں گر رام اچایا، ایم ناگیشور راؤ اور اے وینکٹیشورلو نے کہا کہ حالیہ اسمبلی انتخابات کے دوران، کانگریس پارٹی نے 2 لاکھ روپے تک کے کسانوں کے قرضے معاف کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ تاہم کانگریس کے اقتدار میں آنے کے نو ماہ گزر جانے کے بعد بھی کسانوں کے قرضے مکمل طور پر معاف نہیں کیے گئے۔

PREZ GEOSCIENCE

صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو نے ملک کے پیشین گوئی کے نظام کو غلطیوں سے پاک اور زیادہ درست بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے تاکہ آفات سماوی کی وجہ سے ہونے والے جانی نقصان کو کم کیا جا سکے۔ آج راشٹرپتی بھون میں نیشنل جیو سائنس ایوارڈ پیش کرنے کے بعد اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے ذکر کیا کہ کولکتہ میں لینڈ سلائیڈ کی پیشن گوئی کا قومی مرکز قائم کیا جا رہا ہے تاکہ لینڈ سلائیڈ سے متاثرہ تمام ریاستوں کے لیے قبل از وقت وارننگ بلیٹن جاری کیا جا سکے۔ صدر مرمو نے کہا کہ ہندوستان کو 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بننے کے لیے معدنیات کی پیداوار میں خود انحصار کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ معدنیات کے شعبے کی ترقی کے لیے کئی اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں کی جانے والی اصلاحات اور اختراعات نہ صرف اقتصادی ترقی کو فروغ دے رہی ہیں بلکہ ماحولیاتی تحفظ کو بھی فروغ دے رہی ہیں۔ صدر جمہوریہ مملکت نے 12 زمروں میں 21 جیو سائنس دانوں کو نیشنل جیو سائنس ایوارڈز پیش کیے۔

FAIR PRICE

خوراک اور عوامی تقسیم کے مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے آج نئی دہلی میں 60 مناسب قیمت کی دکانوں کو جن پوشن کیندروں میں تبدیل کرنے کے لیے ایک پائلٹ پروگرام کا آغاز کیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جوشی نے کہا کہ جن پوشن کیندرز۔ فیئر پرائس شاپ ڈیلروں کو ان کی آمدنی بڑھانے میں مدد کریں گے۔

LETTER

مرکزی وزارت صحت نے مرکزی حکومت کے تمام اسپتالوں اور اداروں کے سربراہوں کو اسپتالوں میں سیکورٹی بڑھانے کے لیے لکھا ہے۔ خط میں، وزارت نے اسٹریٹجک مقامات پر کافی تعداد میں ہائی ریزولوشن سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب کی درخواست کی ہے، بشمول داخلی

راستوں، خارجی راستوں، راہداریوں، تاریک مقامات اور حساس مقامات پر۔ ہنگامی صورتحال پر فوری ردعمل کے لیے کنٹرول روم بھی قائم کرنے کی ہدایت دی۔۔ہسپتال کے احاطے کی نگرانی کے لیے کافی تعداد میں تربیت یافتہ سکیورٹی گارڈز کو تعینات کیا جانا چاہیے۔ وزارت نے مزید کہا کہ داخلے اور باہر نکلنے کے راستوں پر سختی سے نگرانی کی جانی چاہئے تا کہ صرف مجاز اہلکاروں تک رسائی کی اجازت دی جائے، اور ڈیوٹی کے دوران ہسپتال کے تمام عملے کے شناختی کارڈ بتانے کو لازمی قرار دیا جائے۔ تمام آنے جانے والوں کی نگرانی کو یقینی بنانے کے لیے مناسب انتظامات کیے جائیں۔ اسپتالوں سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ اسپتال کے احاطے میں صحت کی دیکھ بھال کرنے والے کارکنوں کے خلاف تشدد کو روکنے کے لیے ریاستی قانون سازی کے متعلقہ تعزیری دفعات کو واضح طور پر پیش کریں۔

CM TRIBUTES

وزیراعلی تلنگانہ ریونت ریڈی نے سابق وزیراعظم اور کانگریس قائد راجیو گاندھی کو ان کی یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا۔ وزیراعلی نے سوماجی گوڑہ پہونچ کر راجیو گاندھی کے مجسمے پر پھول ڈالے کر انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر وزیراعلی ریونت ریڈی نے راجیو گاندھی کی خدمات کو یاد کیا اور کہا کہ راجیو گاندھی کے دور میں ہیں ہمارے ملک نے نئی ٹکنالوجی کی جانب قدم بڑھایا۔ انہوں نے راجیو گاندھی کی جانب سے جمہوریت کو مضبوط کرنے اور نوجوانوں کو آگے بڑھانے کے اقدامات کا بھی ذکر کیا۔ انہوں نے سب ہی سے ،خواہش کی کہ وہ راجیو گاندھی کے نظریہ کو اپناتے ہوئے مضبوط ملک بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

PM RAJIV

وزیراعظم نریندر مودی نے آج سابق وزیراعظم راجیو گاندھی کو ان کی یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر اور کانگریس کے رکن پارلیمنٹ راہول گاندھی نے ویربھومی پہونچ کر اپنے والد اور کانگریس سابق قائد و وزیراعظم راجیو گاندھی کو خراج عقیدت پیش کیا۔

WEATHER

تلنگانہ میں مزید دو دنوں تک بارش کے جاری رہنے کی محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے۔ اس سلسلہ میں عادل آباد، کومرم بھیم آصف آباد، منچریال، نرمل اضلاع کے علاوہ جگتیال، راجنا سرسلہ، کریم نگر۔، پیدا پلی اضلاع کیلئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ اسی طرح بھوپال پلی، ملوگو، بھدرادری کتہ گوڑم، کھمم اضلاع کے علاوہ محبوب آباد، ورنگل، ہنمکنڈہ، جنگاوں، سدی پیٹ، یادادری، بھونگیر، حیدرآباد، میڑچل ملکاجگیری کیلئے جاری کردہ ایلو الرٹ کے برقرار رہنے کی محکمہ موسمیات نے پیش قیاسی کی ہے۔ واضح رہے کہ شہر میں کل رات بھر موسلا دھار بارش ہوئی۔

جس کی وجہہ سے کئی مقامات پر سڑکوں پر بارش کا پانی جمع ہو گیا۔ بارش کا پانی جمع ہونے کی وجہہ سے گاڑی سواروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ریاست کے جن مقامات پر گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران شدید بارش ہوئی ہے ان میں اضلاع ملکاجگیری۔ ونپرتی۔ کے علاوہ ہنمکنڈہ۔ کھمم۔ محبوب نگر۔ ناگر کرنول۔ نلگنڈہ۔ نظام آباد۔ رنگاریڈی۔ سدی پیٹ۔ اضلاع کے کئی علاقے شامل ہیں۔ محکمہ موسمیات نے

بتایا کہ آئندہ پانچ دنوں کے دوران ریاست کے مختلف مقامات پرطوفانی ہوائیں چلنےاور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔اضلاع نارائن پیٹ۔جوگولامبا گدوال۔اور یدادری بھونگیر کے کئی علاقوں میں تیزترین بارش ریکارڈ کی گئی۔

KAVITHA

بی آر ایس رکن قانون ساز کونسل کویتا کو ایک مرتبہ پھر مایوسی ہوئی۔شراب گھوٹالہ معاملے میں ان کی درخواست ضمانت پر سپریم کورٹ میں سماعت ملتوی ہوگئی۔انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ اورسی بی آئی کے کیس میں خرابی صحت کی وجہ سے ان کی جانب سے داخل کی گئی درخواست ضمانت پر سماعت سپریم کورٹ میں ملتوی کردی گئی۔اس کیس میں کویتا کی ضمانت سے متعلق سی بی آئی نے جوابی حلفنامہ داخل کیا ہے جبکہ ای ڈی نے یہ درخواست داخل نہیں کی۔ایڈیشنل سالیسٹر جنرل ایس وی راجو نے ای ڈی اورسی بی آئی کی جانب سے جسٹس بی ار گوائی اور کے وی وشواناتھن۔کو بتایا کہ ان کی جانب سے کاونٹر ایفڈ یوٹ پہلے ہی داخل کیا جاچکا ہے۔ای ڈی نے عدالت سے خواہش کی کہ جوابی حلف نامہ داخل کرنے کیلئے انہیں وقت دیا جائے۔ جسے عدالت نے منظور کرلیااور جمعرات سے قبل جوابی حلفنامہ داخل کی کرنے کی ہدایت دی گی اوراس کیس کی سماعت 27 اگست تک ملتوی کردی گئی۔کویتا کو دہلی شراب اسکام کیس میں 16 مارچ کوانفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) نے حیدرآباد میں گرفتار کیا تھاوہ فی الحال تہاڑ جیل میں ہیں۔

HUSSAIN SAGAR

شہر میں گزشتہ دودنوں سے ہورہی بارش کی وجہ سے حسین ساگرجھیل میں بہت زیادہ پانی جمع ہورہا ہے۔حسین ساگر کی مکمل سطح آب کی گنجائش 513.41 فٹ ہے۔جبکہ حسین ساگر میں پانی کی سطح آج صبح 513.63 فٹ تک پہنچ گئی ہے۔ پانی کی سطح پرنظر رکھنے والے حکام نے الرٹ جاری کردیاہے۔1600 کیوزیکس پانی چھوڑا گیا ہے۔

FAKE LETTER

سی بی آئی نے سوشل میڈیا پرگردش کرنے والے ایک فرضی خط کے بارے میں عوام کوخبردار کیا ہے، جومبینہ طور پراس کے دفتر سے آرجی کرمیڈیکل کالج میں ایک ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل کی تحقیقات سے متعلق ہے۔سی بی آئی نے خط اوراس کے مواد کوجعلی قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس میں ایک سی بی آئی افسر کی جانب سے اس کیس کی تحقیقات سے دستبردار ہونے کا ذکر کیا گیا ہے جو کہ غلط ہے۔ایجنسی نے واضح کیا ہے کہ سی بی آئی میں ایسا کوئی افسر کام نہیں کرتا ہےاورلوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس خط سے دھوکے کا شکار نہ ہوں۔

ALAI BALAI

ہریانہ کے گورنر بنڈارو دتاتریہ اور چیف منسٹر ریونت ریڈی نے مشترکہ طور پرعوام کوالائی بالائی پروگرام میں شرکت کی دعوت دی ہے، جودسہرہ تہوار کومنانے کے لیے منعقد کی جانے والی ثقافتی تقریب ہے۔اس پروگرام کا مقصد تلنگانہ کی بھرپور ثقافتی روایات کی نمائش اورعکاسی کرنا ہے۔فاؤنڈیشن کی چیئر پرسن وجے لکشمی نے اعلان کیا کہ اس سال الائی بالائی پروگرام 13 اکتوبر کونامپلی نمائش میدان میں منعقد کیا جائے گا۔